POWER POINT

پاور پوائنٹ

SLIDE TRANSITION

ANIMATION

SLIDE SHOW

سیّد کمال احمد

K.M.E.SOCIETY'S

AQEEL MUSHTAQ FAQIH COMPUTER CENTRE

Rais High School Campus, Thana Road, Bhiwandi - 421 302.

✆.: 952522-225441, 225432

www.urdukamal.in

پیش لفظ

DEPARTMENT OF URDU ★ UNIVERSITY OF MUMBAI
VIDYANAGARI
MUMBAI - 98

کمپیوٹر اور دورِ حاضر ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم بن گئے ہیں۔ جدید تکنیکی دور میں کمپیوٹر وقت کی اہم ترین ضرورت بن گیا ہے موجودہ کمپیوٹر دور (Computer Age) میں اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے کمپیوٹر کی تعلیم مُہیا کرنے والے ادارے تو سینکڑوں ہیں لیکن ان سبھی اداروں نے اُسے سیکھنے میں آسانی فراہم کرنے اور رہنمائی کے لئے پہلے سے موجود کتابوں سے ہی استفادہ کیا ہے۔

یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ کے۔ ایم۔ ای۔ سوسائٹی آف تھانے ڈسٹرکٹ نے یہ قابل تحسین قدم اُٹھایا اور اپنے طے شدہ نصاب کو شامل کرتے ہوئے سیکھنے والوں کی آسانیوں کو خیال رکھتے ہوئے اُردو زبان میں کمپیوٹر پر کتابیں ترتیب دیں۔ یہ کتاب نہ صرف طلباء بلکہ اساتذہ اور کمپیوٹر کے نئے طالب علموں کے لیے بھی بہت معاون و مددگار ثابت ہورہی ہیں۔

کے۔ ایم۔ ای۔ سوسائٹی کے زیرِ اہتمام سیّد کمال احمد کی مرتب کردہ نئی کتاب پاور پوائنٹ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ کتاب جہاں ایک طرف کمپیوٹر کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہے وہیں دوسری طرف ہماری پیشہ وارانہ مہارت کا

www.urduchannel.in

عملی ثبوت بھی پیش کرتی ہے۔ ہم یہ بات اتنے وثوق سے اس لیے لکھ رہے ہیں کہ زیر نظر کتاب کی کمپوزنگ و تزئین و آرائش مصنف نے بذات خود کی ہے۔ مصنف نے اپنی انتہائی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس کتاب کو مواد کے اعتبار سے خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش کی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ سابقہ تمام کتابوں کی طرح اس کتاب کی بھی خاطر خواہ پذیرائی ہوگی۔ انشاءاللہ

محمد شبیر قادری

معاون مدرس

www.urduchannel.in

نام کتاب : پاور پوائنٹ

مصنف : سید کمال احمد

سال اشاعت : مارچ ۲۰۰۳ء

تعداد : ۱۰۰۰

طباعت : الدارالقیمہ آفسیٹ

ایڈیشن : پہلا

رابطہ : عقیل مشتاق فقہیہ کمپیوٹر سینٹر

رئیس ہائی اسکول کیمپس، تھانہ روڈ، بھیونڈی

Tel : (952522) 225441

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

www.urduchannel.in

فہرست

نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
۱	پاور پوائنٹ کا تعارف	1
۲	پاور پوائنٹ کو شروع کرنا	7
۳	مینو بار کا مختصراً تعارف	18
۴	سلائیڈ کی تشکیل کرنا	24
۵	پاور پوائنٹ میں گرافکس	35
۶	سلائیڈ ٹرانزیشن	40
۷	پرنٹنگ	42
۸	سلائیڈ شو	45

www.urduchannel.in

۱۔ پاور پوائنٹ کا تعارف

پاور پوائنٹ مائکروسافٹ آفس کا حصہ ہے۔ یہ کمپیوٹر کی اسکرین پر تصویروں کے ذریعے پیش کرنے والا (Presentation) پیکج ہے۔ جس میں سلائیڈوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ سلائیڈ (Slide) پیش کرنے کے صفحے کو کہتے ہیں۔ Presentation مطلب کسی چیز یا بات کو لوگوں کے سامنے پیش کرنا ہے پاور پوائنٹ میں سلائیڈ کے ذریعے آپ کمپیوٹر پر کسی بھی موضوع پر اظہار خیال کر سکتے ہیں۔ اور لوگوں کے سامنے اس بات کو موثر طریقے سے پیش کر سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے آپ کی بات کا اثر رہے گا۔ جلسہ، سیمینار یا نمائش میں بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں آپ سلائیڈ کا وقت سیکنڈوں میں ڈال سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے آپ اتنے وقت تک اس سلائیڈ کے بارے میں بول سکتے ہیں۔ اس میں آپ ورڈ، ایکسل یا دوسرے پروگراموں سے فائل لا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں آواز (sound) تصویروں میں جان ڈالنا (Animation)، نقاشی (Graphics)، چارٹ نقشہ یا جدول وغیرہ کی سہولت ہوتی ہے۔ آپ پمفلٹ، اعلامیہ (Handouts)، نوٹس (Notes)، بھی تیار کر سکتے ہیں۔ پاور پوائنٹ میں پہلے سے تیار کی ہوئی سلائیڈ موجود ہوتی ہے۔ آپ اپنی پسند کی سلائیڈ کو چن کر استعمال میں لے سکتے ہیں۔

پاور پوائنٹ کا استعمال سماج کے ہر پڑھے لکھے طبقے یا تاجر پیشہ ور لوگ بھی کر سکتے ہیں۔ ایک استاد اپنے سبق یا Lesson کو سلائیڈ کے ذریعے بچوں کو اچھی طرح سے سمجھا سکتے ہیں۔

www.urduchannel.in

پاورپوائنٹ کا خاکہ



www.urduchannel.in

۱۔ ٹائٹل بار Title Bar

یہ پاور پوائنٹ ونڈوز کے اوپر ظاہر ہوگا۔ بائیں جانب ▣ اس طرح کا ایپلیکیشن کنٹرول مینو (Application Control menu) کہلاتا ہے۔ دائیں جانب منی مائز Minimize اور Maximize/Restore بٹن ہوتے ہیں۔ ان بٹنوں سے ورکنگ ایریا کو چھوٹا بڑا کرتے ہیں۔ اور کنارے کی جانب [X] اس طرح کا نشان کلوز بٹن کہلاتا ہے۔ ٹائٹل بار فائل کے نام یا پروگرام کے نام کو ظاہر کرتا ہے۔ جب آپ فائل کا نام لکھ کر محفوظ کریں گے۔ تو ٹائٹل بار پر نام ظاہر ہو جائے گا۔

۲۔ مینو بار (Menu Bar)

مینو بار ٹائٹل بار کے نیچے نظر آئے گا۔ اور یہ مینو کے انتخاب (Munu options) کو ظاہر کرتا ہے۔

۳۔ ٹول بار (Tool Bar)

اس ٹول بار میں کاپی، پیسٹ، نئی فائل کھولنا، پرنٹ، کٹ، کاپی وغیرہ کے کمانڈ ہوتے ہیں۔ جب آپ پہلی دفعہ پاور پوائنٹ شروع کریں گے۔ اور Presentation کو کھولیں گے تو اسٹینڈرڈ اور فارمیٹنگ ٹول بار مینو بار کے نیچے نظر آئے گا۔ اور

www.urduchannel.in

ڈرائنگ ٹول بار بھی بائیں جانب نظر آئے گا۔

۴۔ اسٹیٹس بار(Status Bar):

یہ ونڈو کا آخری حصہ ہوتا ہے۔ اس میں مختلف پیغامات فائل یا سلائیڈ کے متعلق آتے ہیں۔ جیسے آپ کس سلائیڈ پر کام کر رہے ہیں۔ سلائیڈ 1، سلائیڈ 2، وغیرہ اسٹیٹس بار کے دائیں جانب 3 شارٹ کٹ بٹن ہوتے ہیں۔ New Slide , Layout , Template نیو سلائیڈ New Slide پر کلک کرنے سے موجودہ سلائیڈ کا لے آوٹ بدل سکتے ہیں۔ اور آخر میں Template پر کلک کرنے Template کو بدل سکتے ہیں۔

۵۔ ویوز (Views):

پاور پوائنٹ میں سلائیڈوں میں معلومات داخل کرنے، انھیں دیکھنے اور ترتیب دینے کے کئی طریقے ہوتے ہیں۔ جنھیں ویو Views کہتے ہیں۔ اس میں پانچ طرح کے ویوز ہوتے ہیں۔ ویوز ہمیشہ اسکرول بار کے بائیں جانب افقی سطح پر نظر آئیں گے۔ نیچے ویوز کے بارے میں سمجھایا جا رہا ہے۔

www.urduchannel.in

۱۔ نارمل ویو	Normal views
۲۔ آوٹ لائن ویو	Out line views
۳۔ سلائیڈ ویو	SlideViews
۴۔ سلائیڈ سارٹر ویو	Slide sorter view
۵۔ سلائیڈ شو	SlideShow

۱۔ نارمل ویو : Normal View

نارمل ویو میں آپ پاور پوائنٹ کی سلائیڈوں پر لگ بھگ سبھی کام کر سکتے ہیں۔ اس میں پاور پوائنٹ کی ونڈو کو تین حصوں میں تقسیم کر کے دکھاتا ہے۔ بائیں حصے کے اوپری جانب تصویر، رنگ وغیرہ پر کام کر سکتے ہیں۔ دائیں جانب کے نیچے کے حصے میں نوٹس بھر سکتے ہیں۔

۲۔ آوٹ لائن ویو : Outline view

اس ویو میں ہمیں Presentation کی شکل یا ڈھانچہ دکھائی پڑتا ہے۔ یہ ویو دراصل عام ویو جیسا ہی ہے۔ لیکن جیسے ہی آپ اس کے بائیں حصے میں کرسر لے جاتے ہیں۔ یہ آوٹ لائن ویو کا رنگ لے لیتا ہے۔ جس میں خاص طور پر Text کا کام کیا جاتا ہے۔ آوٹ لائن ویو میں بائیں طرف کئی بٹن دیے جاتے ہیں۔ جن کا استعمال کر کے ہم اپنی دستاویز کو اپنی مرضی کے مطابق بنا سکتے ہیں۔ اس ویو میں لائن کو بنانا آسان ہوتا ہے۔

۳۔ سلائیڈ ویو : Slide View

اس ویو میں آپ ایک بار میں ایک سلائیڈ دیکھ سکتے ہیں۔ اس ویو میں ہم اپنی سلائیڈ کو

www.urduchannel.in

دیکھ سکتے ہیں۔ کہ ہم نے کیسی سلائیڈ تیار کی ہے۔

۴۔ سلائیڈ سارٹر ویو Slide Sorter view

اس ویو میں آپ بھی سلائیڈوں کو ایک ساتھ چھوٹا کر کے دیکھ سکتے ہیں۔ جس میں Text یا Graphics بھی دکھائے جاتے ہیں۔ اس ویو میں آپ سلائیڈوں کو اپنی مرضی کے مطابق ترتیب order میں رکھ سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ ایک سلائیڈ کے اوپر دوسری سلائیڈ بھی لگا سکتے ہیں۔ اس میں سلائیڈ بدلنے Transition کی حرکت Animation سیٹ کر سکتے ہیں۔ اور سلائیڈ کا وقت بھی طے کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ تمام سلائیڈوں کو ایک ساتھ اسکرین پر دیکھ سکتے ہیں۔

۵۔ سلائیڈ شو ویو Slide Show view

اس ویو میں پاور پوائنٹ کے بھی سلائیڈوں کو غائب کر کے ایک وقت میں ایک سلائیڈ کو پورے اسکرین پر دکھاتا ہے۔ اور بائیں جانب ایک چھوٹا سا آئیکون آ جاتا ہے

☆☆☆☆☆

www.urduchannel.in

۲۔ پاور پوائنٹ کو شروع کرنا

اگر آپ کے کمپیوٹر کے ڈیسک ٹاپ پر پاور پوائنٹ کا آئیکون بنا ہے۔ تو آپ ڈبل کلک کر کے اُسے شروع کر سکتے ہیں دوسرا طریقہ یہ ہے کہ Start بٹن پر جا کر ماوس سے کلک کیجئے کلک کرنے سے اسٹارٹ مینو نظر آئے گا۔

اسٹارٹ مینو میں Programs پر جا کر کلک کرنے سے ایک سب مینو نظر آئے گا۔ جس میں Microsoft Office لکھا ہوا ہوگا۔ اُسے کلک کیجئے۔

کلک کرنے پر مائیکروسافٹ آفس کا سب مینو کھل جائے گا۔ آپ Powerpont پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے اس طرح کا اسکرین نظر آئے گا۔ ذیل کی شکل پاور پوائنٹ کی شروعاتی اسکرین کی ہے۔



www.urduchannel.in

اب ہم اسکرین کے تینوں حصے کے بارے میں پڑھیں گے۔

۱۔ Auto Content Wizard

اس کے ذریعے آپ اگر Presentation تیار کر رہے ہیں تو آپ کو Presentation کے متعلق کئی سوال پوچھتا ہے۔ اور سوالوں سے مطابق آگے بڑھتا ہے۔ اور آپ کو سلائیڈ بنانے میں مدد کرتا ہے۔ Autocontent Wizard پر کلک کرنے سے سب سے پہلا ڈائیلاگ بکس جو اسکرین پر ظاہر ہوگا۔ اس طرح 16×9 اس اسکرین



شکل میں آپ غور سے دیکھیں گے تو دائیں حصے میں ایک چارٹ نظر آئے گا۔ جس میں Presentation کے متعلق معلومات دیتا ہے۔ جیسے Presentation کی

www.urduchannel.in

قسمیں، طریقہ، انتخاب، پریزینٹیشن کا انداز یا انتخاب کے بارے میں لکھا ہوا ہوتا ہے۔

نیچے کی لائن میں چار کمانڈ ہوتے ہیں۔ جیسے Cancel Back Next Finish

اس کمانڈ میں جانے کے لئے Next بٹن کو دبایئے۔ اور پچھلے کمانڈ پر جانا ہے تو Back پر جایئے۔ Next بٹن کو دبانے سے اگلا ڈائیلاگ بکس ظاہر ہوگا۔ شکل میں دیکھ سکتے ہیں۔



اس میں Presentation کو آٹھ حصوں میں تقسیم کرکے دکھاتا ہے۔ جیسے

All , General , Corporate , Projects ,Operations / HR , Sales/Marketing , Personal, Cornegie Coach

www.urduchannel.in

شکل میں دیکھ سکتے ہیں۔ آپ اپنی پسند کے Type کو منتخب کر سکتے ہیں۔ یا تمام کو دیکھنا چاہتے ہیں تو All پر کلک کیجئے۔ منتخب کرنے کے بعد Next بٹن دبائیے۔ دبانے سے ایک دوسرا ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔ جس میں Presentation کی اسٹائل کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ Next پر کلک کرنے سے ایک اور بکس نظر آئے گا۔ آپ Next پر کلک کیجئے۔ Next بٹن دبانے پر ایک اور اسکرین ظاہر ہوگا۔



جس میں پانچ طرح کی ریڈیو بٹن نظر آئیں گے۔ آپ اس میں سے کسی کو بھی منتخب کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کمپیوٹر کی اسکرین پر ہی پیش کرنا چاہتے ہیں تو آپ پہلا بٹن On screen presentation کو دبائیے۔ دبانے کے بعد Next پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے ایک دوسرا ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔

www.urduchannel.in

اس ڈائیلاگ بکس میں آپ Presentation کا عنوان Title دے سکتے ہیں۔ ہر سلائیڈ میں شامل ہونے والی معلومات جیسے Footer، سلائیڈ نمبر یا سلائیڈ کی سمدھار کی آخری تاریخ آگے بڑھنے کے لیے Next پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر Auto content wizard کا آخری ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔ شکل میں دیکھ سکتے ہیں۔ Finish پر کلک کرنے پر تیار کی گئی Presentation کو دیکھ سکتے ہیں۔



www.urduchannel.in

Template کا استعمال کر کے Presentation نیا بنانا

پاور پوائنٹ Template کے ذریعے آپ presentation کا منظر بدل سکتے ہیں۔ جیسے ٹائپ اسٹائل (Font)، بیک گراونڈ، پس منظر وغیرہ۔ پاور پوائنٹ میں ایسے 100 سے زائد ٹیمپلیٹ ہوتے ہیں۔ جو کہ ڈائریکٹری میں موجود ہوتے ہیں۔ اور ہر ٹیمپلیٹ کا ایک الگ ڈیزائن یا کلر اسکیم ہوتا ہے۔ اس میں آپ presentation کی بیک گراونڈ یا پس منظر، ٹائپ اسٹائل بھی بدل سکتے ہیں۔ اگر آپ ہر سلائیڈ کی presentation کو ایک جیسا رکھنا چاہتے ہیں۔ تو آپ کو ماسٹر سلائیڈ بنانا پڑے گی۔

سب سے پہلے File مینو میں جایئے۔

New پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر ایک ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔ شکل میں آپ دیکھ چکے ہیں۔ Design Template پر کلک کرنے پر ایک ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔ یہاں پر آپ کو ڈیزائن کی کئی قسمیں دکھائی دیں گی۔ آپ کسی بھی ایک ڈیزائن پر کلک کر سکتے ہیں۔ کلک کرنے پر اس طرح کا بکس نظر آئے گا۔



Ok پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے کے بعد ایک اور مینو اسکرین پر ظاہر ہوگا۔ آپ اُس میں سے پہلا چُن لیجئے۔

www.urduchannel.in

سلائیڈ کا انتخاب کرنے کے بعد Ok پر کلک کیجئے۔ اور وہاں پر سلائیڈ پر اپنی ضرورت کے مطابق ٹائپ کیجئے۔ آگے خالی سلائیڈ بنانے کا طریقہ بتایا جا رہا ہے۔

خالی (Blank Presentation) بنانا

خالی Presentation بنانے کے لئے سب سے پہلے File مینو میں جا کر New پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر اس طرح کا ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔

اس میں آپ کسی بھی سلائیڈ کو چن سکتے ہیں۔ یہاں پر ہم پہلی سلائیڈ کو لیں گے

سلائیڈ کو منتخب کرنے کے لئے اس سلائیڈ کو ماوس سے دبائیے۔ دبانے کے بعد



www.urduchannel.in

Ok بٹن کو دبایئے۔Ok دبانے کے بعد اُوپر کی طرح کا اسکرین ظاہر ہوگا۔

شکل میں آپ غور سے دیکھیں گے تو Click to add Title لکھا ہوا ہوگا۔ وہاں پر K.M.E.SOCIETY'S لکھئے اور اُسی کے نیچے کے خانے میں To add subtitle میں Aqeel Mushtaque Fakih Computer Centre لکھئے۔ ٹائٹل دینے کے بعد سلائیڈ اس طرح کا نظر آئے گا۔

K. M . E. SOCIETY'S

AQEEL MUSHTAQ FAKIH COMPUTER CENTRE

اب آپ اگر دوسری سلائیڈ بنانا چاہتے ہیں۔ تو Insert مینو میں جایئے۔

New Slide پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر وہی خاکہ نظر آئے گا۔ آپ اُس میں سے ایک دوسری سلائیڈ کو منتخب کیجئے۔

یہاں پر ایک Bulletted Slide کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر اُسی طرح کا بکس نظر آئے گا۔ آپ وہاں پر ٹائٹل کی جگہ پر Cyber Centre لکھئے۔ اور سب ٹائٹل میں Ms.Office, D.T.P. ,C Programming لکھئے۔

Cyber Centre

- Ms- Office
- D.T. P.
- C. Programming

www.urduchannel.in

اسی طرح آپ جس سلائیڈ کو منتخب کریں گے۔ اُس طرح کی سلائیڈ اسکرین پر بن جائے گی۔

نئی سلائیڈ بنانا :

آپ آوٹ لائن ویو ، سلائیڈ ویو یا سلائیڈ سارٹر ویو میں رہتے ہوئے نئی سلائیڈ جوڑ سکتے ہیں۔ نئی سلائیڈ ہمیشہ پہلے سے موجود سلائیڈ کے بعد میں ظاہر ہوگی۔

نئی سلائیڈ بنانے کا طریقہ :

☆ Insert مینو میں سے New Slide پر کلک کیجئے۔ یا

☆ اسٹینڈرڈ ٹول بار میں سے Insert New Slide پر کلک کیجئے۔

☆ کلک کرنے سے New Slide ڈائیلاگ بکس ظاہر ہوگا۔ نیو سلائیڈ ڈائیلاگ بکس کی شکل آپ دیکھ چکے ہیں۔

سلائیڈ کا (Lavout) بدلنا :

آپ اگر اپنی سلائیڈ کا لے آوٹ Layout بدلنا چاہتے ہیں۔ تو اس سلائیڈ کو منتخب کر کے Format مینو میں جا کر Slide layout پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر Slide layout کا ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔ آپ اُس میں کسی بھی ایک کو پسند کر کے Apply کمانڈ کو منتخب کر سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اُس سلائیڈ کا Slide layout بدل جائے گا۔

www.urduchannel.in

سلائیڈ کو ختم کرنا (Deleting Slides)

سلائیڈ کو ختم کرنے یا Delete کرنے کے لئے Edit مینو میں جا کر Delete Slide پر کلک کیجیے۔ کلک کرنے سے وہ سلائیڈ ختم ہو جائے گی۔

Presentation کو کھولنا : پہلے سے بنی ہوئی سلائیڈ یا Presentation کو کھولنے کے لئے آپ کو یہ عمل کرنا پڑے گا۔

File مینو میں سے Open پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر Open ڈائیلاگ کھل جائے گا جس میں پہلے سے بنی ہوئی فائل کی فہرست ہوگی۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔



۲۔ مطلوبہ فہرست میں سے آپ جو بھی فائل کھولنا چاہتے ہیں۔ اُس فائل پر جا کر کلک کیجئے۔ کلک کرنے کے بعد Open پر جا کر انٹر بٹن دبائیے۔ منتخب کردہ فائل کھل جائے گی۔

Presentation کو محفوظ کرنا :

۱۔ مین مینو میں سے File پر جائیے۔

www.urduchannel.in

۲۔ File مینو میں سے Save پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر Save ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔

۳۔ شکل میں File name کے خانے میں فائل کا نام لکھئے۔ نام لکھنے کے بعد Save پر جا کر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر آپکی Presentation محفوظ ہو جائے گی۔

Presentationکو کسی دوسرے نام سے محفوظ کرنا

فائل یا Presentation کو کسی دوسرے نام سے محفوظ کرنے کے لئے مین مینو میں سے Save As پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر Save As کا ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔

File Name کے خانے میں اپنی پسند کا نام لکھ کر Ok پر کلک کیجئے۔ آپ دیکھیں گے کہ پہلے سے موجود فائل کے علاوہ ایک دوسرے نام سے فائل بن جائے گی۔ اس کے علاوہ آپ دوسرے ڈرائیو یا فلاپی میں بھی فائل کو محفوظ کر سکتے ہیں۔

Presentationکو کلوز Closeکرنا

اگر آپ فائل یا Presentation کو کلوز یا بند کرنا چاہتے ہیں۔ تو File مینو میں جا کر Close پر کلک کیجئے۔

Powerpointسے باہر آنا:

پاور پوائنٹ سے باہر آنے کے لئے File مینو میں جا کر Exit پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے آپ پاور پوائنٹ سے باہر نکل جائیں گے۔

☆☆☆

www.urduchannel.in

۳۔ مینو بار کا مختصر تعارف

اس سبق میں ہم آپ کو پاور پوائنٹ کے مینو کا مختصر تعارف کرائیں گے۔ کیونکہ پچھلی دو کتابوں مائیکروسافٹ ورڈ اور سپریڈ شیٹ میں آپ کو تفصیل سے مینو بار کے بارے میں سمجھا چکے ہیں۔ اس میں سب سے پہلا کمانڈ File مینو کا ہے۔

File: اس مینو میں فائل کے متعلق امور جیسے نئی فائل بنانا ، نئی Presentation تیار کرنا ، محفوظ کرنا، پرنٹ کرنا ۔ اس کے علاوہ Set up Slides کی بھی سہولت ہوتی ہے۔



Edit: ایڈٹ مینو کے ذریعے سلائیڈ کی نقل کرنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ، ختم یا Delete کرنا، اس کے علاوہ اس میں Undo اور Redo کی سہولت بھی ہوتی ہے۔ یعنی آخری عمل کو کالعدم کرنا۔

www.urduchannel.in



: View

ویو کے ذریعے Presentation کو اسکرین پر کس طرح ظاہر ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ اُسے سیٹ کر سکتے ہیں۔ جیسے سلائیڈ نارمل، سلائیڈ آوٹ لائن، سلائیڈ سارٹر ویو یا سلائیڈ شو۔

:Insert

اس مینو کے ذریعے آپ بہت سی چیزیں اس میں داخل کر سکتے ہیں۔ جیسے نئی سلائیڈ کو داخل کرنا، تاریخ، وقت، صفحہ، ٹیبل، گرافک، آواز وغیرہ۔

www.urduchannel.in





شکل Insert مینو

:Format

اس مینو کے ذریعے آپ فونٹ، فونٹ سائز، پیراگراف، رنگ، شیڈو، اور اسٹائل،

www.urduchannel.in

پس منظر، لے آوٹ اور رنگوں کو منتخب کرنے کے کام کر سکتے ہیں۔



Tools:

اس مینو کے ذریعے Presentation میں موجود سلائیڈ کے اندر لکھی ہوئی تحریر کی جانچ کر سکتے ہیں۔



Slide Show:

www.urduchannel.in

اس مینو کے ذریعے آپ اسکرین یا LCD پر سلائیڈ کا نظارہ دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس مینو میں حرکت (Animation)، سلائیڈ کو گھمانا (Transition) کے کمانڈ بھی ملیں گے۔ آگے تفصیل سے اس کمانڈ کے بارے میں سمجھایا گیا ہے۔

: Window

ونڈو مینو کی کمانڈ عام طور پر استعمال میں نہیں آتیں۔ ونڈو مینو میں ان فائلوں کے نام نظر آتے ہیں۔ جو کھلی ہوئی ہیں۔ جن کی وجہ سے ایک دوسری فائل میں جانے آسانی ہوتی ہے۔

:Help

پاور پوائنٹ کے مختلف اعمال کے انجام دہی کے سلسلے میں معلومات درکار ہوں تو آپ Help بکس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

www.urduchannel.in



شکل Window کی ہے



شکل Help کی ہے

www.urduchannel.in

۴۔ سلائیڈ کی تشکیل کرنا

ایسے تو پاور پوائنٹ Presentation کے لئے فونٹ، فونٹ کا رنگ خود بخود تیار کر لیتا ہے۔ لیکن آپ چاہیں تو کسی بھی سلائیڈ یا بھی سلائیڈوں کے لئے الگ سے اسٹائل تیار کر سکتے ہیں۔ یہ سب کام آپ Format مینو کے Font ڈائیلاگ بکس کے ذریعے کر سکتے ہیں۔ Font ڈائیلاگ بکس بھی ورڈ کے فونٹ جیسا ہوتا ہے۔ فارمیٹ مینو میں سب سے پہلا مینو Font کا ہے۔ Font پر کلک کرنے سے Font بکس اسکرین پر ظاہر ہو جائے گا۔ شکل Font کی ہے۔ آپ جس ٹیکسٹ کو فارمیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ سب سے پہلے اُسے چُن لیجئے اور ضروری ہدایت پر کلک کیجئے۔



شکل میں آپ دیکھیں گے تو پہلی لائن میں Font , Font Style , Size پر مشتمل ہوگی۔

Font: اس بکس میں کئی طرح کے فونٹ ملیں گے۔ جیسے Ariel , Times New Roman وغیرہ

www.urduchannel.in

Font Style: فونٹ اسٹال بدل سکتے ہیں۔ جیسے Bold , Regular , Italic وغیرہ

Size: فونٹ سائز حسب ضرورت کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔ جیسے 14,18 وغیرہ ۔ دوسری لائن Effects کی ہوتی ہے۔

۱۔ Underline: تحریر یا لفظوں کے نیچے خط کھینچنا ہو تو اس انتخاب کا استعمال کر کے کھینچ سکتے ہیں۔

۲۔ Shadow: تحریر یا لفظوں کے اطراف عکس یا Shadow دے سکتے ہیں۔

۳۔ Superscript / Subscript: حسابی علامت یا سائنسی علامت کا استعمال کر سکتے ہیں۔

۴۔ Color: پاور پوائنٹ ایسی ۱۰۰ طرح کے کلر اسکیم کی سہولت مہیا کرتا ہے۔ آپ اپنی ضرورت کے مطابق سلائیڈوں میں رنگ بھر سکتے ہیں۔ کسی بھی ٹیکسٹ کا رنگ بدلنے یا فونٹ کے ڈائیلاگ بکس میں کلر Color لسٹ بکس کو دبائیے یا Font ڈائیلاگ بکس میں سے Color پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے چھوٹا سا کلر پیلٹ (Color Pallete) دکھائی دے گا۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔

www.urduchannel.in

آپ ان رنگوں میں سے کسی بھی رنگ کو منتخب کر سکتے ہیں۔ منتخب کرنے کے بعد وہ رنگ آپ کے Text پر آجائے گا۔ آپ اگر اور رنگ دیکھنا چاہتے ہیں تو More colors پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے کے بعد گرافیکل ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ شکل Colors کی ہے۔



آپ غور سے دیکھیں گے تو پہلی لائن دو حصوں میں تقسیم ہے۔
Standard اور Costom ہے۔ Standard شیٹ میں سیکڑوں رنگ دکھائی دیں

www.urduchannel.in

گے۔ آپ اُن میں سے کسی بھی رنگ کو چُن سکتے ہیں۔ رنگ چُننے کے بعد Ok

پر کلک کیجئے۔

بیک گراونڈ Background

اسے کلک کرنے پر ایک چھوٹی سی ونڈو کھلے گی۔ اس ونڈو کے بائیں طرف نیچے کی جانب کلر کا خانہ سفید دکھائی دے گا۔ اس کے پل بٹن پر کلک کرنے سے ایک اور ونڈو نظر آئے گی۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔



شکل میں آپ غور سے دیکھیں گے تو یہ لکھا ہوا پائیں گے آٹومیٹک Automatic

مور کلرز More Colors

فل ایفیکٹس Fill Effects

www.urduchannel.in

Fill Effects پر کلک کرنے سے ایک ونڈو نمودار ہوگی۔ شکل Fill Effects کی ہے



شکل میں آپ دیکھیں گے تو Fill Effects کے نیچے جو لائن ہے وہ چار حصوں میں تقسیم ہے۔ آپ Tab بٹن کا استعمال کر کے ہر خانے میں جا سکتے ہیں۔ سب سے پہلے ہم ہر خانے کا مشاہدہ کریں گے۔

۱۔ Gradient: اُوپر جو شکل آپ دیکھ رہے ہیں۔ وہ ڈیفالٹ ہے۔ یعنی Gradient پہلے سے منتخب ہے۔ پہلا مین خانہ کلر کا ہے۔ وہ بھی غیر منتخب ہے آپ اسے منتخب کرنا چاہتے ہیں تو ماؤس سے اُسے منتخب کر سکتے ہیں۔ One color کو منتخب کرنا چاہتے ہیں تو گول دائرے کے خانے میں کلک کر دیجئے۔ کلک کرنے سے دائرے کے اندر صفر کا نشان آ جائے گا۔ یعنی وہ منتخب ہو جائے گا۔ اسی طرح Shading Style میں بھی چھ طرح کے اسٹائل دیئے ہوئے ہیں۔ آپ کسی کو بھی منتخب کر سکتے ہیں۔ فی الحال کوئی بھی غیر منتخب ہیں۔

www.urduchannel.in

Texture ٹیکسچر :

اس پر کلک کرنے سے ایک ونڈو کھلے گی جس میں بارہ طرح کی ڈیزائن آئے گی۔ اس کے علاوہ سکرول کے ذریعے مزید اور بھی ڈیزائن دیکھ سکتے ہیں۔ آپ جس ڈیزائن کو لینا چاہتے ہیں۔ اُسے پسند کر کے سیلیکٹ کر سکتے ہیں۔ شکل Texture کی ہے۔



Pattern :

پیٹرن کو کلک کرنے سے پیٹرن بکس سامنے نظر آئے گا۔ جس میں 48 مختلف طرح کے پیٹرن نظر آئیں گے۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں Forground اور Background کا خانہ بھی دکھائی دے گا۔ شکل اگلے صفحہ پر ہے

Picture :

پکچر پر کلک کرنے سے پکچر کا ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ اس میں اس کی اپنی بذاتِ خود کوئی بھی پکچر نہیں ہے۔ Select Picture پر کلک کرنے سے My computer

www.urduchannel.in

کا ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ جہاں سے آپ ڈائریکٹری میں سے Picture کو منتخب کر سکتے ہیں۔ جو کہ Background میں آئے گی۔



شکل Pattern کی ہے



شکل Picture کی ہے

www.urduchannel.in

Bulletsکی نشانی کو چننا :

جس طرح ورڈ میں بلیٹس اور نمبرنگ کی سہولت ہوتی ہے۔اسی طرح پاور پوائنٹ میں بھی Bullets کی سہولت ہوتی ہے۔اس مینو کے ذریعے آپ Bullets کو سلائیڈ میں داخل کر سکتے ہیں۔

Bullets کو داخل کرنے کے لئے Format مینو میں جا کر Bulletsپر کلک کیجئے۔کلک کرنے پر ایک ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔



Bulletsحرف کو بدلنا یا تبدیل کرنا :

☆سب سے پہلے Text یا حرف کو منتخب کیجئے۔جسے آپ بدلنا چاہتے ہیں۔

☆Format مینو میں سے Bulletsپر کلک کیجئے۔کلک کرنے پر Bulletsڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔شکل کا مطالعہ کرنے پر کئے خانے نظر آئیں گے۔

www.urduchannel.in

☆ آپ Bullets from خانے میں سے Font کو منتخب کر سکتے ہیں جس میں مختلف طرح کے فونٹ نظر آئیں گے۔

☆ Color خانے میں سے اپنی پسند کے رنگ کو منتخب کر سکتے ہیں۔

☆ Character Pallette میں سے اپنی پسند کا bullets کو منتخب کیجئے۔

☆ منتخب کرنے کے بعد Ok پر کلک کیجئے۔ Ok پر کلک کرنے کے بعد bullets سلائیڈ پر داخل ہو جائے گا۔

Text کی صف بندی کرنا Aligning Text:

پاور پوائنٹ میں آپ کسی بھی ٹیکسٹ کو دائیں (Right)، بائیں (Left) درمیان (Centre)، یا دونوں جانب (Justify) کر سکتے ہیں۔ جس طرح مائیکروسافٹ ورڈ میں کیا جاتا ہے۔ یہ سہولت آپ کو فارمیٹنگ ٹول بار میں ملتی ہے۔ یا Format مینو کے Alignment کمانڈ کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں۔

Format مینو میں جا کر ماوس سے کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر Format مینو کھل جائے گا۔

اب Alignment میں جا کر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر سب مینو کھل جائے گا۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔

www.urduchannel.in



شکل میں چار option ملیں گے آپ ان میں سے کسی بھی کمانڈ کو لے سکتے ہیں۔

لائن کو درست کرنا Setting line:

پاور پوائنٹ آپ کو لائنوں کے درمیان اور پیراگراف کے درمیان خالی جگہ چھوڑنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ آپ Format مینو میں جا کر Line spacing پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر Line spacing کا ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔



www.urduchannel.in

آپ اپنی ضرورت کے مطابق لائنوں کے درمیان جگہ چھوڑ سکتے ہیں۔

Change Case چینج کیس :

چینج کیس کے ذریعے چھوٹے حروف کو بڑے حروف میں اور بڑے حروف کو چھوٹے حروف میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ اس مینو کو ظاہر کرنے کے لئے Format مینو میں جا کر Change Case پر کلک کیجئے کلک کرنے پر چینج کیس کا ڈائیلاگ باکس کھل جائے گا۔ جس میں پانچ طرح کے کمانڈ ملیں گے۔

Sentance Case: اس کے ذریعے منتخب کردہ جملے کے پہلے لفظ کے پہلے حروف کو بڑا کرے گا۔

Lower Case: تمام حروف چھوٹے ہو جائیں گے۔

Upper Case: تمام حروف بڑے ہو جائیں گے۔

Title Case: ہر لفظ کا پہلا حرف بڑا ہو جائے گا۔

Toggle Case: اس کے ذریعے تمام بڑے حروف چھوٹے حروف اور تمام چھوٹے حروف بڑے حروف میں بدل دے گا۔

☆☆☆

www.urduchannel.in

۵۔ پاور پوائنٹ میں گرافکس

انسرٹ مینو اس لحاظ سے کافی اہم ہے کہ اس مینو کے Picture کمانڈ کے ذریعے بہت سے object یا چیزیں آپ اپنی سلائیڈ میں داخل کر سکتے ہیں۔ object جیسے Chart ، WordArt ، Clipart ، Table کو سلائیڈ میں داخل کر سکتے ہیں۔

پاورپوائنٹ کے Presentation میں Picture داخل کرنے کا طریقہ

Insert مینو میں جا کر Picture پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے پر ایک سب مینو نظر آئے گا۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔



شکل میں آپ دیکھیں گے تو Picture کا سب مینو ورڈ کے پکچر مینو کی طرح نظر آئے گا

آپ Clip Art پر کلک کیجئے۔ کلپ آرٹ میں بہت سی تصویر پہلے سے موجود ہوتی ہے۔ آپ اُن میں سے کسی بھی تصویر کو سلائیڈ میں لے سکتے ہیں۔

From File: اسے کلک کرنے سے ایک ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ اس ڈائیلاگ باکس کے ذریعے آپ کسی بھی فولڈر Folder کی کسی بھی فائل میں سے

www.urduchannel.in

تصویر کو سلائیڈ میں داخل کر سکتے ہیں۔

Auto Shapes: اسے کلک کرنے سے ایک لسٹ نمودار ہو گی۔ جس میں مختلف طرح کی شکل Shapes ہوتے ہیں۔ جیسے Line, Connectors, Basic Shapes وغیرہ۔ آپ انھیں حسب ضرورت استعمال کر سکتے ہیں۔ شکل میں دیکھ سکتے ہیں۔

Word Art:

ورڈ آرٹ پر کلک کرنے سے ناموں کی مختلف شکلیں ورڈ آرٹ گیلری کی شکل میں اسکرین پر ظاہر ہوں گی۔ آپ اُن میں سے کسی بھی ایک پر کلک کر کے اُسے سلائیڈ پر اُتار سکتے ہیں۔ ان اسٹائلز کی تعداد ۳۰ کے قریب ہے۔



www.urduchannel.in

شکل Word Art کی ہے۔ آپ اسٹائل کی فونٹ سائز کو بدل سکتے ہیں۔ اور اسکی سائز بھی چھوٹی بڑی کر سکتے ہیں۔

Orgnization Chart

آرگنائیزیشن چارٹ زیادہ تر organization یا ادارے میں رپورٹ بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ جس میں چارٹ کے ذریعے رپورٹ کو پیش کر سکتے ہیں۔ جیسے کمپنی کا نام یا باس ٹائٹل وغیرہ۔ نیچے شکل میں دیکھ سکتے ہیں۔



: CHART

پاور پوائنٹ بھی چارٹ کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ مگر اس میں چارٹ بنانے کا طریقہ

www.urduchannel.in

ایکسل کی بہ نسبت تھوڑا سا الگ ہے۔

چارٹ بنانے کا طریقہ :

انسرٹ مینو میں جا کر سب سے پہلے New Slide پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے New slide کا ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ ڈائیلاگ بکس میں سے کوئی بھی ایک چارٹ کو منتخب کیجئے۔ شکل میں چارٹ کی ایک قسم کو دکھایا گیا ہے۔



شکل کا آپ اگر غور سے مطالعہ کریں گے تو پہلی لائن میں Click to add title میں عنوان لکھئے اور اس کے نیچے Double click to add chart میں ماوس سے کلک کرنے سے چارٹ آجائے گا۔

سب سے پہلے آپ چارٹ کی قسم کو منتخب کر لیجئے۔ اور اسے منتخب کرنے کے لئے ٹول بار میں چارٹ پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے Chart Type کا بکس کھل جائے گا۔ آپ اُس میں سے کسی بھی ایک کو منتخب کر لیجئے۔

www.urduchannel.in

سب سے پہلے کلک کرنے سے ڈیفالٹ چارٹ اسکرین پر نظر آئے گا۔ آپ Chart Type میں سے اپنی پسند کا چارٹ لے سکتے ہیں۔ اور اس سے متعلقہ ڈیٹا کی ایک ڈیٹا شیٹ (Datasheet) بھی نمودار ہوگی۔ شکل میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔

☆☆☆

www.urduchannel.in

۶۔ سلائیڈ ٹرانزیشن

آپ نے ٹی وی میں تصویروں یا لکھے ہوئے جملے کو بدلنے کے کئی طریقے دیکھیں ہوں گے۔ کبھی تصویر درمیان میں سے تو کبھی کنارے کی جانب۔ کبھی چاروں طرف پھیلتے ہوئے پوری اسکرین پر چھا جاتی ہے۔ تو کبھی بکس کی شکل میں اسکرین پر ظاہر ہوتی ہے۔ آپ بھی یہ تمام تصویروں کے بدلنے کے انداز کو پاور پوائنٹ کے Slide Transition کمانڈ کے ذریعے کر سکتے ہیں۔ Transition سے مراد وہ اثرات ہیں جو سلائیڈوں میں پیدا کیے جا سکتے ہیں۔

SlideTransition بکس کو کھولنے کے لیے SlideShow مینو میں جا کر سلائیڈ ٹرانزیشن کمانڈ کو کلک کیجیے۔ کلک کرنے سے ذیل کا بکس اسکرین پر ظاہر ہوگا۔



www.urduchannel.in

اس ڈائیلاگ بکس کے Effects خانے میں اس وقت No Transition لکھا ہوا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی تبدیلی نہیں ہے۔ اگر آپ سلائیڈ کو گھمانا چاہتے ہیں تو اسے کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے مختلف Effects کی فہرست نمودار ہوگی۔ آپ کسی بھی ایک کو منتخب کر سکتے ہیں۔ منتخب کرنے پر اس کا نمونہ اسکرین پر ظاہر ہوگا۔ اگر آپ کو وہ پسند نہیں ہے تو دوسرا مان سکتے ہیں۔ اس کا بھی نمونہ سامنے اسکرین پر ظاہر ہوگا۔

اس کے علاوہ سلائیڈ کی رفتار بھی بدل سکتے ہیں۔ اس کے بھی تین Option ملیں گے۔ جیسے Slow , Medium , Fast آپ تینوں میں سے کسی بھی ایک کو مان سکتے ہیں۔ انتخاب کرنے کے لئے گول دائرے میں کلک کیجئے۔

اس ڈائیلاگ بکس میں ایک Advance کا خانہ بھی ہے۔ جس میں دو Option ملیں گے۔ جیسے آپ کی سلائیڈ کو اسکرین پر ایک کے بعد ایک دوسری سلائیڈ کس طرح آئے یعنی ماؤس سے کلک کرنے پر یا خود بخود۔ اگر ماؤس کے ذریعے چاہتے ہیں تو On mouse click خانے پر کلک کر دیجئے۔ اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ خود بخود آجائے تو اس کا وقت متعین کرنا پڑے گا۔ جس کے لئے Automatically after کے خانے میں کلک کر دیجئے۔

اور اگر آپ کی مشین میں ساؤنڈ کارڈ (Sound Card) لگا ہے تو آپ سلائیڈ کے بدلنے کا وقت یا تصویر کے ساتھ آواز بھی دے سکتے ہیں۔ جس کے لئے آپ Sound کے خانے میں جائیے اور وہاں پر کوئی بھی ایک آواز کو منتخب کر لیجئے۔ پاور پوائنٹ ایسے 18 طرح کی آواز کی سہولت فراہم کرتا ہے جیسے Camera , Lazer وغیرہ آپ ڈراپ ڈاؤن لسٹ پر کلک کریں گے تو ناموں کی لسٹ نظر آئے گی۔ Slide Transition حکم کے تمام ضروری ہدایت کو سیٹ کرنے کے بعد آپ Apply پر کلک کر دیجئے۔

www.urduchannel.in

پاورپوائنٹ

۷۔ پرنٹنگ

پرنٹنگ کے مرحلے میں آپ نے جو بھی پاور پوائنٹ میں Presentation تیار کی ہے اُسے کاغذ پر چھاپ سکتے ہیں۔ اس سبق میں ہم پرنٹنگ کے بارے میں پڑھیں گے۔ پرنٹ کمانڈ دو طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۔ File مینو میں جا کر Print حکم کو منتخب کیجئے۔ یا اسٹینڈرڈ ٹول بار میں Print حکم دیجئے۔ Print پر کلک کرنے سے پرنٹ کا ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ شکل پرنٹ کی ہے۔ یہ ڈائیلاگ بکس بھی ورڈ اور ایکسل کے جیسا ہے۔



www.urduchannel.in

شکل میں غور سے دیکھیں گے تو پہلی لائن میں پرنٹر کا نام یا انتخاب کے بارے میں پوچھتا ہے۔ آپ کی مشین میں جو پرنٹر انسٹال (Install) ہوگا۔ اس پرنٹر کا نام Printer Name کے خانے میں آجائے گا۔ اگر آپ کے پاس کوئی دوسرا بھی پرنٹر ہے اور آپ اس سے پرنٹ نکالنا چاہتے ہیں۔ تو اس پرنٹر کے نام کو منتخب کر لیجئے۔ جس سے اس پرنٹر کا نام آجائے گا۔

اس کے علاوہ Print Ranges کے خانے میں چھاپنے والی سلائیڈوں کے بارے میں پوچھتا ہے۔ جیسے تمام سلائیڈوں کو پرنٹ کرنا ہے تو All پر کلک کیجئے۔ جو اسکرین پر کھلی ہوئی ہے تو Current Slide کو منتخب کیجئے۔ اگر آپ منتخب شدہ سلائیڈ کو پرنٹ کرنا چاہتے ہیں تو Selection کمانڈ کو استعمال کیجئے۔

Copies کے خانے میں آپ کتنی کاپی پرنٹ کرنا چاہتے ہیں تعداد لکھ دیجئے۔ اس کے علاوہ اس میں اور بھی سہولت دی ہے۔ جیسے Handouts (ایک صفحے پر 2,3,4,6,9 سلائیڈیں) آن لائن دیو وغیرہ نوٹس پیج۔ تمام آپشن کو استعمال کرنے کے بعد آپ Ok پر کلک کر دیجئے۔ جس سے پرنٹر کاغذ پر چھاپنا شروع کر دے گا۔

Page Setup :

اس حکم کے ذریعے کاغذ کی سائز کو سیٹ کر سکتے ہیں۔ اس حکم کو استعمال کرنے کے لئے File مینو میں جا کر Page Setup پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے اس طرح کا ڈائیلاگ بکس اسکرین پر ظاہر ہوگا۔

www.urduchannel.in



اس ڈائیلاگ میں Slides sized for سے جانے میں On screen show کے علاوہ 35mm سلائیڈوں یا کاغذ کی سائز بھی ہوتی ہے۔ جنھیں آپ منتخب کر سکتے ہیں۔ کاغذ کی سائز کے مطابق ہی آپ پورٹریٹ اور لینڈ اسکیپ لے سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ سلائیڈوں کو آڑا یا سیدھا بھی چھاپ سکتے ہیں۔ تمام Option منتخب کرنے کے بعد Ok بٹن کو دبائیے۔

☆☆☆

www.urduchannel.in

۸۔ سلائیڈ شو

کوئی بھی سلائیڈ بنانے کے بعد سب سے اہم کام اسے لوگوں کے سامنے پیش کرنے کا ہوتا ہے۔ آپ Presentation کو اپنے کمپیوٹر کی اسکرین پر بھی پیش کر سکتے ہیں۔ یا پھر لوگوں کی تعداد زیادہ ہے تو اسے LCD کو کمپیوٹر پر جوڑ کر پیش کر سکتے ہیں۔

سلائیڈ شو (Slide Show) مینو میں Presentation کو پیش کرنے کی بہت سی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔ اس مینو کو کھولنے کے لئے مینو بار میں جا کر Slide Show پر کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے Slide Show مینو کھل جائے گا۔ اس مینو کی شکل آپ باب ۲ میں دیکھ چکے ہیں۔

سلائیڈ شو (Slide Show) کو شروع کرنا

سلائیڈ شو شروع کرنے کے لئے سب سے پہلے کسی بھی سلائیڈ کو منتخب کیجئے۔ منتخب کرنے کے بعد View مینو کا Slide Show کمانڈ دیجئے۔ یا سلائیڈ شو مینو کا View Show کمانڈ کو کلک کیجئے۔ کلک کرنے سے پوری اسکرین سے سب کچھ غائب ہو جائے گا۔ اور Slide Show شروع ہو جائے گا۔ اگر آپ کے Presentation میں کئی سلائیڈیں ہیں اور آپ سب کو Show کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو یہ عمل کرنا پڑے گا۔

۱۔ اگلی سلائیڈ پر جانے کے لئے بائیں ماوس کی بٹن کو دبائیے یا اسپیس بار بٹن، انٹر بٹن Page Up , Page Dn. وغیرہ بٹن کا استعمال کیجئے۔

۲۔ اگر آپ مخصوص سلائیڈ پر جانا چاہتے ہیں جیسے ۳ نمبر سلائیڈ پر تو آپ اس سلائیڈ کا نمبر ۳ لکھ کر انٹر بٹن دبا دیجئے۔

www.urduchannel.in

۳۔ اگر آپ Slide Show کو درمیان میں بند کرنا چاہتے ہیں تو Esc بٹن دبا دیجئے یا Ctrl + Break کو دبا دیجئے۔ دبانے سے شو درمیان میں رُک جائے گا۔

شو کو سیٹ کرنا Set up Show

سلائیڈ شو مینو میں Set up Show کمانڈ کو کلک کرنے سے اس کا ڈائیلاگ بکس کھل جائے گا۔ ذیل کا ڈائیلاگ بکس اُسی کا ہے۔ اس ڈائیلاگ بکس کے ذریعے آپ کو Presentation کو سیٹ کرنے کے کئی کمانڈ ملیں گے۔



ڈائیلاگ بکس کو آپ غور سے دیکھیں گے تو ایک خانہ Slides کا بنا ہوا دکھائی دے گا۔ اگر اس میں سے آپ تمام سلائیڈ کو لینا چاہتے ہیں تو All کو منتخب کر لیجئے۔ جو کہ ڈیفالٹ ہے یا پھر اُس کی رینج کو لے سکتے ہیں۔

www.urduchannel.in

ایڈوانس سلائیڈس Advance Slides

ایڈوانس سلائیڈس میں دو خانہ بنا ہوا ہوگا۔ جس میں پہلا Manually کا خانہ ہے اسے منتخب کرنے سے آپ ایک سلائیڈ سے دوسری سلائیڈ میں جا سکتے ہیں۔ جس کے لئے آپ کو انٹر بٹن / اسپیس بار یا پھر کوئی بھی بٹن دبانی ہوگی۔ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے۔ اس سے نیچے ایک دوسرا خانہ Using timings , if present کا ہے۔ جسے منتخب کرنے سے آپ سلائیڈوں کا وقت طے کر سکتے ہیں یعنی ہر سلائیڈ کا الگ الگ وقت طے کر سکتے ہیں۔

اس ڈائیلاگ بکس میں Show Type حصے میں بھی کئی بٹن ہوتے ہیں۔ جس کو آپ اپنی شو کے مطابق منتخب کر سکتے ہیں۔ جیسے Loop continously unti ' Esc چیک بٹن کو کلک کرنے سے سلائیڈوں کا شو بار بار چلتا رہتا ہے۔ جب تک آپ Esc بٹن نہ دبا دیں۔ تمام کمانڈ کو سیٹ کرنے کے بعد Ok کا بٹن دبا دیجئے۔

اگر آپ کے پاس کئی سلائیڈیں ہیں اور آپ تمام کو دکھانا نہیں چاہتے ہیں بلکہ شروع کی چند یا جو آپ چاہتے ہیں تو اس کام کے لئے آپ Slide Show مینو میں سے Custom Show کو منتخب کیجئے۔ منتخب کرنے پر ذیل کا بکس نمودار ہوگا۔



www.urduchannel.in

اس میں سے New بٹن پر کلک کریں تب ایک اور بکس نمودار ہوگا۔ جس کا ڈسپلے ذیل میں دیا گیا ہے۔ اس بکس میں اُن تمام سلائیڈوں کا ٹائٹل Title یا نام دکھاتا ہے۔ اگر کسی کا ٹائٹل نہیں دیا ہوگا۔ تو اُس کا نمبر بتائے گا۔ شکل Define Custom Show کی ہے۔ جو سلائیڈ آپ چاہتے ہیں کہ وہ شو میں دکھائی جائے تو اُسے Add بٹن پر کلک کر کے اُسے لے لیں۔ اسی طرح آپ کی ضرورت کی سلائیڈوں کا ایک شو بن جائے گا۔ اور اُس کا نام Show 1 یا Show 2 وغیرہ کے نام سے محفوظ ہو جائے گا۔ سلائیڈوں کو Add کرنے کے بعد Ok بٹن پر کلک کیجئے۔ اب آپ واپس Custom Show ڈائیلاگ بکس پر آجائیں گے۔ اور آپ کا ڈائیلاگ بکس اب اس طرح کا ہو جائے گا۔



: Rehearse Timings

سلائیڈ شو مینو میں Rehearse Timings کمانڈ کو منتخب کرنے سے ایک ٹائم کا ونڈو اسکرین پر ظاہر ہوگا۔ شکل Rehearse کی ہے۔

www.urduchannel.in

اُوپر کی شکل میں آپ دیکھیں گے تو کئی بٹنوں کے ساتھ گھڑی (Clock) بھی بنی ہو تی ہے۔ جب آپ پہلی سلائیڈ کو شروع کریں گے تو گھڑی صفر سے گننا شروع کر دے گی۔ آپ اگر بند کرنا چاہتے ہیں تو Pause بٹن کو دبا دیجئے۔ اور اگر آپ اگلی سلائیڈ میں جا کر وقت طے کرنا چاہتے ہیں تو تیر کے نشان کا بٹن دبا دیجئے۔ Pause بٹن دبانے کے بعد آپ وقت دیکھنا چاہتے ہیں تو کنارے آپ کو وقت نظر آ جائے گا۔ تمام سلائیڈوں کا وقت سیٹ کرنے کے بعد آپ کی اسکرین پر اس طرح کا ڈائیلاگ بکس نظر آئے گا۔



جس میں آپ کو سلائیڈوں کا کل وقفہ بتائے گا۔ اور آگے اور سلائیڈوں کا وقت سیٹ کرنے کے بارے میں ہاں اور نہیں پوچھے گا۔ اگر آپ اور وقت دیکھنا چاہتے ہیں تو Yes میں جواب دیجئے نہیں تو No پر کلک کر دیجئے۔

☆☆☆

www.urduchannel.in

کوکن مسلم ایجوکیشن سوسائٹی آف تھانے ڈسٹرکٹ

کے زیر اہتمام عقیل مشتاق فقیہ کمپیوٹر سینٹر اپنی خدمات اور کام کے تعلق سے اب محتاج تعارف نہیں ہے اس سینٹر سے نہ صرف ہماری اسکولوں اور کالیجیز کے طلباء کمپیوٹر سیکھ رہے ہیں بلکہ دیگر اداروں کے طلباء تاجر پیشہ حضرات، ڈاکٹرس اور انجنیرس بھی مستفیض ہو رہے ہیں۔

عقیل مشتاق فقیہ کمپیوٹر سینٹر کی مختلف شاخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

۱. سائبر سینٹر

۲. رئیس ہائی اسکول

۳. مومن گرلز ہائی اسکول

۴. رفیع الدین فقیہ بوائز ہائی اسکول

۵. رفیع الدین فقیہ گرلز ہائی اسکول

۶. کے. ایم. ای. سو سائیٹز ہائی اسکول، پڑگھہ

۷. کے. ایم. ای. ایس. ہائی اسکول، وڈولی

۸. نیشنل ہائی اسکول، بوردی

۹. جی. ایم. مومن ویمینز کالج

۱۰. کے. ایم. ای. ایس. انگلش میڈیم ہائی اسکول

۱۱. تکیہ امانی شاہ آئی ٹی آئی، عید گاہ روڈ

www.urduchannel.in

ماوس (Mouse)

بعض کمپیوٹر پروگرام ایسے ہیں جن کو کی بورڈ کی مدد سے چلانا کافی دشوار ہے۔ اسے چلانے کے لئے ہم ایک آلہ استعمال کرتے ہیں جسے ماوس کہتے ہیں۔ اسے ہاتھ میں آسانی سے پکڑا جا سکتا ہے۔ اس کے اوپر کی جانب تین بٹن ہوتے ہیں۔ جو مختلف امور سرانجام دینے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ اس کو پیڈ یا میز پر رکھ کر ادھر اُدھر گھمایا جاتا ہے۔ ماوس میں نیچے کی جانب ایک گیند یا بال ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے ایک تیر کا نشان دائیں بائیں جانب اور اوپر نیچے حرکت کرتا ہے۔ اس کی نشاندہی ایک تیر کے نشان سے ہوتی ہے۔

ماوس



(i) انٹر بٹن

انٹر بٹن کا استعمال ہدایت کو روبہ عمل لانے کے لئے کیا جاتا ہے یا نئی لائن میں جانے کے لئے بھی اس بٹن کا استعمال کرتے ہیں۔

www.urduchannel.in

(II) اسپیس بار مٹن

کی بورڈ پر جو سب سے بڑا مٹن ہوتا ہے اسے اسپیس بار کہتے ہیں۔ اس مٹن کے ذریعے الفاظ کے درمیان خالی جگہ چھوڑتے ہیں۔

(III) بیک اسپیس مٹن

غلطیوں کو درست کرنے کے لیے بیک اسپیس مٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(IV) شفٹ مٹن :

کی بورڈ پر شفٹ مٹن دو ہوتے ہیں۔ شفٹ مٹن کے ذریعے حسب ذیل کام کر سکتے ہیں۔

[I] انگریزی کے چھوٹے حرف کو بڑے حرف میں لکھنے کے لئے شفٹ مٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

[II] کی بورڈ پر کئی مٹنوں کے اوپر دو نشانی بنی ہوتی ہے۔ اوپر کی نشانی کو لکھنے کے لئے شفٹ مٹن کا استعمال کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً

(V) کرسر کو حرکت دینے والی کنجیاں :

کرسر کو چاروں سمت ہٹانے کے لئے یہ کنجیاں استعمال ہوتی ہیں۔ تیر کا نشان جس سمت میں ہوگا کرسر اسی سمت میں جائے گا۔ اس سے حروف یا علامت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

www.urduchannel.in

کے۔ایم۔ای سوسائٹیز

عقیل مشتاق فقیہہ کمپیوٹر سینٹر

رئیس ہائی اسکول کمپاؤنڈ، تھانہ روڈ، بھیونڈی Ph.: 952522-225441, 225432

ہماری مطبوعات







www.urduchannel.in